ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

## DECEMBER-2012


Prepared By
Jenab Eishan Ahmad Dar
Media Consultant
Humsafar Marriage Counselling Cell

**DECEMBER-2012**

THE COUNSELLOR
CREATING INTELLECTUALS
Volume 1 | Number 7 | November 2011 | www.thecounsellor.edu | Rs. 20

# Iqra Educational

## SDA Colony Bemina




The institution began its journey long back in 1986, just the time when the newly established settlement of Bemina was in its infancy. The land and property were still grounded to the earth but the resources were limited. People who dared to live here were either living in congested downtown area or had been dislocated due to city planning or were in search of urban facilities for their children. For the purpose of education there was hardly any school around a radius of two kilometers. In this chaos and confusion IQRA was established in a couple of residential rooms and a backyard shed of a mosque. It was almost scattered around an area of newly raised houses. We cannot forget those teachers who taught the students during that period within the givens, those non-teaching staff members who served the institution on a meager amount of money, those well-wishers who remained by our side to encourage us. It was a step of courage accompanied by apprehensions of failure. Inexperienced hands and a sacred job, these were controversial to each other. The only hope of success was *MIN_FAZLILAH. ALHAMDULILLAH,* He didn't forsake us. Good hopes and trust in Allah (SWT) brought forth the results. The repercussions of the struggle and hard work are open like a book. We hope that it is sufficient to inculcate faith of *ALLAH* in the hearts of Momineen. Have full trust in Him, success or failure are His decrees, accept them as His blessing. The institution completed 25 years of this struggle and success in 2011. *Haza-min-fazli-Rabunna.*

Our zeal and enthusiasm is the same but the apprehensions are different, we have succeeded in gaining the trust of the people to the extent that they bring their most precious possessions and hand them over to us, but we are always shivering with the reflection that, Are we able to maintain their trust? Are we doing justice with them? Are we able to pass the test of anvil of educating them? Our desires from the society have shrunken and the deservations have gained size. The more sacred a job is, the more risky it becomes, because it develops more leakages insecurities that need to be safeguarded. We are pressed for time and space to put the details before our readers. Insha-Allah we will share our experiences with you in future through the pages of this chronicle.

# Institute (IEI)

## SILVER JUBILEE CELEBRATIONS CUM 22ND SEERAT CONFERENCE

On Thursday 29th of September 2011, with the grace of Al-Mighty Allah (SWT) the institution covered the first chronological milestone of Twenty Five Years. Alhamadullilah in this period of time it has covered long distances educationally as well as infrastructurally. This year's annual day was specific on behalf of silver jubilee event, it included a number of events. The main among them was 22nd Seerat Conference.

An Inter school symposium on " سیرت نبوی ﷺ بہترین کردارسازی کی ضامن "was also held in which more than twenty schools took part, represented by their children.

The participating students in the symposium were honoured with three positions and two consolation prizes in addition to participation awards. The first three positions were awarded to Aamina Hameed of Iqra Educational Institute, Bareera of Mars Educational Institute and Hafsa Muzaffar of RP School respectively and the consolation prizes were given to Bazila of Greenland Higher Secondary School and Sabreena of Gulistan-e-Atfal.

The function was Presided over by Dr. Basher Ahmad Nehvi, & Professor (Dr.) Margoob Banhali was the Chief Guest. A galaxy of guests of honour were present that included Jenab Prof. G.N. Khaki, Jenab Professor Naseem Ahmad Shah (KU), Jenab G.A. Salmani, Jenab Farooq Ahmad Renzoo (Shah) Director Information, Jenab Fayaz Ahmad Zaroo (Chairman humsafar Marriage Counselling Cell), Jenab Q.H. Qasimi (Prof. Arabic Jamait-ul-Banat), Jenab Ghulam Rasool Chiken ( Retd. Assistant Director Education), Jenab Manzoor Ahmad Wangnoo (Chairman Kashmir Welfare Soceity), Jenab Professor (Dr.) C.L. vishen, Professor G. N. Sidiqqui, Jenab Abdul Qayoom Wani (Chairman) EJAC. and heads of a great No. of Private sector institutions, guests from J&K Board of School Education and Directorate of School Education Kashmir in addition to school children and their respected parents.

In between the deliberations on the topic, school children mesmerized the audience with related activities.

The children of the Institution under the guidance of their teachers had organized Iqra Exhibition, in which a Photo gallery, Models of different activities, Working models of science exhibits, a glimpse of indoor games & a display of artistic talent of the school children was arranged for the visitors.

The Annual Day celebrations could not be held in 2008, 2009, and 2010 therefore the function included the prize distribution of those years also. The details of prizes awarded to students and teachers are as under:

The best all rounder was awarded to Afshan Nabi

The best social worker to Afreen Hameed

The best Stage artist to Toib Bilal

The best organizer of the event to Ms. Mahajabeen Nabi & Ms. Shazia

The best Teachers award 2008, 2009 & 2010 were awarded to Mr. Manzoor Ahmad Zargar, Ms. Mahajabeen and Ms. Sabeeqa Ayoub respectively.

Awards were also given to toppers of the KG, Primary, Middle & Secondary departments for the year 2010.

The highest Honour that the institutions graces is the Iqra Award. We are aware of the fact that a lot No. of boys & girls are not able to enter into the wed lock due to social evil of Dowry. Most of them have even crossed their prime time of marriage. An organization while feeling the gravity of the evil acted in time and took this courageous step to eradicate this evil from the society. This is an inspiration for others to step forward for such reforms. This year's Iqra Award was awarded to The **Humsafar Marriage Counselling Cell**, Kaka Sarai for their un matched service to the society for arranging simple and low economy marriages. The award is just an encouragement to the organization and was received by its chairman **Jenab Fayaz Ahmad Zaroo**.

The event came to conclusion with a vote of thanks to the honourable guests by the Director of the institution Mr. M.Y. Manzar.

The management puts on record their thanks for all those who attended the function and also to those who wished us on phone. We also don't miss thanking those who either could not attend the function or could not call us but are whole heartedly always with us.

# KASHMIR UZMA 03 DECEMBER 2012

## اِصلاح معاشرہ کا اہم ترین اور شاندار کام شروع کرنے پر

**اپنے دینی بھائی جان جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو سلام اور مبارک باد پیش کرتی ہوں**
**اُن کا ہمسفر ریڈیو پروگرام سننے کیلئے ہم پورے ہفتے بے تاب رہتے ہیں**

### شبینہ اختر (MSc, MA B.Ed)

**دیالگام اسلام آباد کشمیر**

چند سال پہلے جب یہ پریشان کن خبر اخباروں میں چھپ گئی کہ وادی کشمیر میں ہزاروں کی تعداد میں جوانی کی عمریں پار کرنے والی لڑکیوں کی شادیاں اس لئے نہیں ہو پا رہی ہیں کیوں کہ ایک لڑکی کی شادی انجام دینا والدین کے لئے بہت ہی مہنگا اور بہت ہی بھاری بوجھ والا معاملہ بن گیا ہے۔ تو یہ خبر پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے کئی نیک بندوں اور نیک بندیوں نے گڑگڑا کر شادیوں کے حالات سدھر جانے کے لئے دعائیں مانگی، اور ان کی دعاؤں کی قبولیت کا ظہور اس طرح ہوا کہ سرینگر شہر کے رہنے والے ہمارے ایک دینی بھائی جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل (Humsafar Marriage Counselling Cell) کے نام سے اصلاح معاشرہ کا ایک ایسا زبردست اور شاندار کام شروع کر دیا، جس کی برکت سے والدین کو اپنی اولاد خاص کر لڑکیوں کی شادیاں انجام دینا سہل اور آسان ہونے لگا۔

### لیکچرار کی شادی پر اکیس ہزار روپے کا خرچہ

وادی کشمیر کے لوگوں نے شادیاں انجام دینے کے لئے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کا اصلاحی پروگرام اب پورے دینی جذبے اور ذوق وشوق کے ساتھ اپنانا شروع کر دیا ہے۔ اسی قسم کا ایک نکاح اور شادی کو مشاہدہ کرنا ہمیں نصیب ہوا۔ یہ نکاح مجلس مرکزی جامع مسجد اہل الحدیث واقع شیر باغ اسلام آباد کشمیر میں نماز جمعہ ادا کرنے کے بعد فوراً منعقد ہوئی۔ نماز جمعہ کے خطبہ کے دوران ہی مولانا محمد مقبول آکھرونی صاحب نے اعلان فرمایا کہ نماز جمعہ کے بعد مسجد شریف میں نکاح مجلس ہو رہی ہے، جس میں سرینگر سے تشریف لائے ہوئے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نکاح پڑھائیں گے۔ مولوی صاحب کا یہ اعلان سن کر ہمیں بڑی مسرت ہوئی کہ جس صاحب کی اصلاحی اور علمی باتیں شیریں آواز میں ہم ریڈیو کشمیر سرینگر سے سنتے رہتے ہیں، اسی شخصیت کو آج براہ راست سننا ہمیں نصیب ہو رہا ہے۔

نماز جمعہ کے بعد جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے نکاح کو شریعت کے مطابق سادہ طریقہ پر انجام دینے کے دین و دنیا کے فائدے مختصر طور پر بیان فرمائے، اس کے بعد انہوں نے لیکچرار جناب فیاض احمد لون صاحب فرزند عبدالوهاب لون ساکن للی پورہ ملہ پورہ اسلام آباد کا نکاح محترمہ میراشہ اختر صاحبہ دختر بشیر احمد راتھر ساکنہ قاضی باغ اسلام آباد کے ساتھ پڑھا دیا۔ دولہا نے بیس ہزار روپے کی رقم مہر میں نقد ادا کر دی۔ ایک ہزار روپے کھجوروں پر خرچ ہوئے۔ اس کے علاوہ اور کوئی خرچہ نہیں آیا۔ میراشہ دولہن مسجد سے ہی اپنے دولہا کے ساتھ سسرال روانہ ہو گئی۔ اس کے بعد جب محترم فیاض احمد زرو صاحب مسجد سے باہر تشریف لائے، اور وہ سوموگاڑی میں سوار ہونے لگے، کیوں کہ وہ دولہا کے گھر ان کو مبارک بادی دینے کے لئے جا رہے تھے۔ اسی دوران مسجد جامع اہل حدیث سے خواتین کی ایک بہت بڑی تعداد محترم فیاض احمد زرو صاحب کو دیکھنے کے لئے نکل آئی۔ وہ مرد حضرات سے کہنے لگیں کہ اس شخصیت کی زیارت کرنے سے انہیں مت روکو، جن کے اصلاحی کام سے ایسی لڑکیوں کی شادیاں ہونے کی امیدیں قائم ہو گئی ہیں، جنہوں نے مہنگائی اور رسومات کی وجہ سے پہلے شادیاں نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

### میرا نکاح بھی سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام پایا

میرے والد صاحب کے ایک مخلص دوست جناب محمد امین نجار صاحب نے رجسٹریشن کا ایک فارم ادارہ اسلامک میرج کونسلنگ سیل واقع نزدیک رحت دیدی مسجد شریف لال چوک اسلام آباد سے ہمارے گھر لائے۔ یہ ادارہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کی تربیت پر شروع کیا گیا ہے۔ اس ادارہ کے سربراہ مسجد رحت دیدی کے امام وخطیب جناب مبارک احمد شیخ صاحب ہیں۔ میرے والدین کی رضامندی اور میری رضامندی کے ساتھ اس دفتر میں میرا نکاح کرانے کے لئے میری رجسٹریشن ہوئی، اور پھر اسی دفتر کی وساطت سے میرا نکاح انجینئر جناب محمد رفیق بٹ صاحب فرزند ولی محمد بٹ ساکن ویری بیجبہاڑہ اسلام آباد کے ساتھ طے ہوا۔ نکاح مجلس مسجد شریف رحت دیدی میں نماز جمعہ ادا کرنے کے بعد منعقد ہوئی۔ مہر فاطمی پر میرا نکاح ہوا۔ رخصتی کے موقع پر دولہا نفیس اور سادہ لباس میں میرے گھر آئے، انہوں نے کشمیری قہوہ نوش فرمایا۔ اس کے بعد میں اپنے دولہا کے ہمراہ شرعی پردہ میں سسرال روانہ ہو گئی۔

میں اپنے والدین کی اکلوتی بیٹی ہوں، میرے تین بھائی ہیں۔ والد صاحب لیکچرار ہیں۔ کشمیر یونیورسٹی سے دنیا کی اعلیٰ تعلیم حاصل کر چکی ہوں۔ شادی کے موقع پر مجھ جیسی لڑکی کے بہت سارے ارمان اور شوق ہوتے ہیں۔ مگر میں نے اپنے وہی ارمان اور شوق پورے کئے جن کی اجازت اسلامی شریعت کی طرف سے ہوتی ہے۔ باقی رہے وہ شوق اور ارمان جن کو اسلامی شریعت ناجائز قرار دیتی ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے میں نے ردی کی ٹوکری میں ڈال دئے۔

نہ جانے اب تک کتنی تعداد میں اس قسم کے مسنون نکاح اور سادہ شادیاں وادی کشمیر میں انجام پا چکی ہیں، اور انجام پا رہی ہیں۔ بیشک یہ اس محنت اور جدوجہد کا میٹھا پھل ہے جو ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے اصلاحی پروگرام کے تحت جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے شروع فرمائی ہے۔ جن کا مقبول عام ریڈیو پروگرام: ہمسفر، کشمیر کے ہر گھر کی آواز بن گیا ہے۔ سلام ہو ایسی شخصیت پر، مبارک باد ہو ایسے دینی بھائی جان کو۔ میں وادی کشمیر کی تمام غیر شادی شدہ دینی بہنوں سے گزارش کرتی ہوں کہ وہ اپنے نکاح اور شادیاں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے اصلاحی پروگرام کے تحت کروانے کو ہی ترجیح (Preference) دیں، کیوں کہ شادی کے اس مسنون اور سادہ طریقہ میں دونوں جہانوں کا خوب نفع اور بہت سارے فائدے ہیں۔

**منجانب:۔** شبینہ اختر دختر لیکچرار عبدالمجید پرے، ساکن: بیٹھ بگ، دیالگام اسلام آباد کشمیر۔

Kashmir Uzma (03/Dec/2012)

**GREATER KASHMIR 04 DECEMBER 2012**

# سماج کی بہتری کے لئے ہمسفر ریڈیو پروگرام تیار کرنے پر

# مبارک باد اور جزاکم اللہ خیر

ریڈیو کشمیر سرینگر سے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کا جو مقبول عام پروگرام ہمسفر Hamsafar ہر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں۔ اس پروگرام کو سننے کے لئے ہم پورے ہفتے بے تاب رہتے ہیں۔ کیوں کہ اس پروگرام میں جو اصلاح معاشرہ کی باتیں، علوم، نصیحتیں اور سبق آموز مثالیں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم بیان فرماتے ہیں، ان سے ہمیں بہت نفع اور قسم قسم کے فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ اس پروگرام میں اتنی زبردست تاثیر ہوتی ہے کہ جو باتیں اس میں بیان ہوتی ہیں۔ ہمارے گھروں میں چند دنوں کے اندر اندر ہی ان پر عمل ہونا شروع ہوجاتا ہے۔

ہمارے سماج اور ہمارے گھروں کے لئے اور خاص کر ہماری ازدواجی زندگیوں کے لئے اتنا مفید، علمی، اصلاحی اور دلچسپ پروگرام پیش کرنے پر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب اور ریڈیو کشمیر سرینگر کی ڈائریکٹر میڈم رخسانہ جبین کو ہم دِل کی عمیق گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ جزاکم اللہ خیر۔

منجانب شبینہ اختر (M. Sc, MA, B. Ed)

لیکچرار عبدالمجید پرے (ولد صاحب)، انجینئر محمد رفیق بٹ (شوہر)

ساکنہ پیسٹھ بگ، دیالگام اسلام آباد کشمیر

Greater Kashmir (4/Dec/2012)

# KASHMIR UZMA 05 DECEMBER 2012

کشمیر عظمیٰ

(05/Dec/2012)

# سماج کو اچھی باتیں سکھانے والا ریڈیو پروگرام ہمسفر

## ہمارے دکھے ہوئے دلوں کا سہارا ابھی ہے

ٹیلر عبدالمجید بٹ۔ڈونی پاوہ اسلام آباد

پچھلے پانچ مہینوں سے ہم ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہونے والا ہردلعزیز پروگرام ہمسفر پابندی اور دلچسپی کے ساتھ سنتے ہیں۔ہماری اسلام آباد میں ٹیلرنگ کی دکان ہے۔اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ دکان پر کام بہت ہوتا ہے،جس کی وجہ سے کافی مصروفیت رہتی ہے۔مگر مصروفیت ہونے کے باوجود ہر جمعہ کو صبح سویرے اپنے گھر سے ریڈیو سیٹ لے کر دکان کی طرف چلنا ہرگز نہیں بھولتے ہیں،اور پھر ساڑھے آٹھ بجے ہمسفر ریڈیو پروگرام پوری توجہ اور دلچسپی کے ساتھ سنتے ہیں۔ہمسفر پروگرام کے اختتام پر دل میں اس بات پر تنگی پیدا ہوجاتی ہے کہ اتنا مفید اور دلچسپ پروگرام اتنی جلدی ختم کیوں ہوگیا،جبکہ اس پروگرام کو مزید وقت ملنا چاہئے۔اور اگر اس پروگرام کے وقت میں اضافہ کرنے کی گنجائش ریڈیو کشمیر سرینگر کے ذمہ داروں کو نہیں ہے،تو پھر اس پروگرام کو ہفتہ میں ایک بار کے بجائے دو بار نشر کرنا ہماری مانگ ہے۔جس کو پورا کرنا ڈائریکٹر ریڈیو کشمیر سرینگر کی ذمہ داری ہے۔

ہمسفر ریڈیو پروگرام کے روح رواں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب اپنے شیریں کلام سے انسانی اخلاق اور بہترین اوصاف کو سہل اور آسان انداز میں سامعین کو سمجھاتے ہیں۔اس طرح سے ہمسفر پروگرام ہمارے دکھے ہوئے دلوں کا سہارا ابھی ہے۔یہ ریڈیو پروگرام شادیوں میں سے بے ہودہ رسومات،فضول خرچی،جہیز کا لین دین اور دکھاوا ختم کرنے میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔اللہ تعالیٰ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اور اس پروگرام کے ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب کو جزائے خیر دنیا وآخرت میں عطا کرے،آمین۔

منجانب: ٹیلر عبدالمجید بٹ ولد حاجی غلام نبی بٹ

ڈونی پاوہ اسلام آباد کشمیر۔فون نمبر: 7298679764

**AFTAB 05 DECEMBER 2012**

## سماج کو اچھی باتیں سکھانے والا ریڈیو پروگرام ہمسفر

# ہمارے دکھے ہوئے دلوں کا سہارا ابھی ہے

پچھلے پانچ مہینوں سے ہم ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہونے والا ہر دلعزیز پروگرام ہمسفر پابندی اور دلچسپی کے ساتھ سنتے ہیں۔ ہماری اسلام آباد میں ٹیلرنگ کی دکان ہے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ دکان پر کام بہت ہوتا ہے، جس کی وجہ سے کافی مصروفیت رہتی ہے۔ مگر مصروفیت ہونے کے باوجود ہر جمعہ کو صبح سویرے اپنے گھر سے ریڈیو سیٹ لے کر دکان کی طرف چلنا ہرگز نہیں بھولتے ہیں، اور پھر ساڑھے آٹھ بجے ہمسفر ریڈیو پروگرام پوری توجہ اور دلچسپی کے ساتھ سنتے ہیں۔ ہمسفر پروگرام کے اختتام پر دل میں اس بات پر تنگی پیدا ہوجاتی ہے کہ اتنا مفید اور دلچسپ پروگرام اتنی جلدی ختم کیوں ہوگیا، جبکہ اس پروگرام کو مزید وقت ملنا چاہئے۔ اور اگر اس پروگرام کے وقت میں اضافہ کرنے کی گنجائش ریڈیو کشمیر سرینگر کے ذمہ داروں کو نہیں ہے، تو پھر اس پروگرام کو ہفتہ میں ایک بار کے بجائے دوبار نشر کرنا ہماری مانگ ہے۔ جس کو پورا کرنا ڈائریکٹر ریڈیو کشمیر سرینگر کی ذمہ داری ہے۔ ہمسفر ریڈیو پروگرام کے روح رواں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب اپنے شیریں کلام سے انسانی اخلاق اور بہترین اوصاف کو سہل اور آسان انداز میں سامعین کو سمجھاتے ہیں۔ اس طرح سے ہمسفر پروگرام ہمارے دکھے ہوئے دلوں کا سہارا ابھی ہے۔ یہ ریڈیو پروگرام شادیوں میں سے بے ہودہ رسومات، فضول خرچی، جہیز کا لین دین اور دکھاوا ختم کرنے میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اور اس پروگرام کے ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب کو جزائے خیر دنیا و آخرت میں عطا کرے، آمین۔

منجانب: ٹیلر عبدالمجید بٹ ولد حاجی غلام نبی بٹ ڈونی پاوہ اسلام آباد کشمیر۔ فون نمبر 7298679764

Aftab
5/Dec/2012

**GREATER KAHMIR 13 DECEMBER 2012**

# بیشک حیا والی زندگی حقیقی انسانوں کی زندگی ہے

## ہمسفر ریڈیو پروگرام کے حیا والے شمارے سے بہت فائدہ ہوا

مؤرخہ 7، دسمبر 2012ء کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے مقبول عام پروگرام: ہمسفر Humsafar کا جو تازہ شمارہ براڈ کاسٹ کیا گیا، جس میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے حیا والی زندگی کے بارے میں کلام فرمایا۔ اس سے ہمیں بہت فائدہ ہوا۔ سماج میں پائی جانے والی بے حیائی کے نقصانات سمجھ میں آگئے۔ اور اس سے پرہیز کرنے کا جذبہ پیدا ہوگیا۔ یہاں بانڈی پورہ میں بہت سارے لوگوں نے ہمسفر ریڈیو پروگرام کو سننے کے لئے بازار سے ریڈیو سیٹ خرید لئے ہیں۔ کیوں کہ اس پروگرام کو گھروں اور سماج کی بہتری کے لئے بہت مفید ریڈیو پروگرام مانا جاتا ہے۔ ہم ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر و ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب کو سماج کے لئے اتنا مفید پروگرام تیار کرنے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔

(Greater Kashmir
13/Dec/2012)

منجانب: خورشید احمد شاہ (کمپیوٹر اسسٹنٹ) ولد مرحوم غلام محمد شاہ اور دیگر دوست و احباب

سنزونی بانڈی پورہ کشمیر۔ فون نمبر: 9797205966

# KASHMIR UZMA 16 DECEMBER 2012

(Kashmir Uzma)



## بتہ مالو کے جناب فدا احمد وانی صاحب نے سادہ طریقہ پر شادی انجام دی

# ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کی طرف سے ایک اور نکاح کا انعقا

سرینگر: آسان نکاح اور سادہ شادی کے پروگرام کے تحت ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے ایک اور نکاح 13، دسمبر جمعرات 012
کو پڑھا گیا۔ اس سلسلے میں نکاح مجلس کا انعقاد اسلامک دعوت سینٹر باغ سندر بالا چھتہ بل میں سہ پہر پونے تین بجے ہوا۔ جس میں نیو کالونی بتہ مالو کے ج
فدا محمد وانی صاحب (بی ایس سی، ایم اے اسلامیات، ایم فل جاری، ملازم کشمیر یونیورسٹی حضرت بل سرینگر) کا نکاح مگرمل باغ سرینگر کی محترمہ دُرِ افشان صاح
عبدالرشید خان صاحب مرحوم کے ساتھ پڑھا گیا۔ خطبۂ نکاح اور ایجاب وقبول انجام دینے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے
کے مطابق نکاح اور سادہ طریقہ پر شادی انجام دینے کی اہمیت اور افادیت پر مختصر گفتگو فرمائی۔ نیز انہوں نے شریعت کے احکام کے احترام اور عظمت پر بھی
فرمایا۔ اور شریعت کے احکام کا مذاق اُڑانے اور ان کا استہزاء کرنے کے خطرناک نتائج سے بھی حاضرین مجلس کو آگاہ فرمایا۔ اس کے بعد ڈائریکٹر صاحب نے
نکاح اور ایجاب وقبول انجام دیا۔ دولہا نے پورا مہر نقدی مجلس میں ہی ادا کر دیا۔ ڈائریکٹر صاحب نے دونوں خاندانوں کو مبارک باد پیش کی۔ حاضرین مجلس
کھجور اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ اور سب کی خاطر تواضع کشمیری قہوہ سے کی گئی۔ پھر اسی روز شام کو دولہن اپنے دولہا کے ساتھ سسرال رخصت ہو گئی۔

نکاح مجلس حاضر آئے کئی حضرات نے ادارہ کے ایک ذمہ دار جناب ایشان احمد صاحب کو بتایا کہ شہر سرینگر کے پڑھے لکھے سرکاری ملازمین حضرات کو اس قسم
مسنون نکاح اور سادہ شادیاں انجام دینے پر آمادہ کرنے میں ہمسفر میریج کونسلنگ سیل اور اسلامک دعوت سینٹر نے سب سے اہم، سب سے بڑا اور بہت
شاندار رول ادا کیا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ ادارہ کشمیریوں کے لئے بڑا محسن، محبوب، ہر دلعزیز اور مفید ادارہ بن گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس ادارہ
ریڈیو پروگرام جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے سے سماج میں کافی حد تک اصلاح ہو رہی ہے۔ جس کی وجہ
ہمسفر ریڈیو پروگرام گھر گھر کی آواز بن گیا ہے۔ حاضرین مجلس نے ادارہ کی انتظامیہ کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

# KASHMIR UZMA 17 DECEMBER 2012

## سماج کو اچھے اخلاق کی تعلیم دینے میں اور بارات کی ظالمانہ رسم ختم کرنے میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کا رول بہت ہی قابل تحسین

## اس ریڈیو پروگرام کے ہر نشر شدہ شمارے کو دِل بار بار سننا چاہتا ہے

ریاست جموں وکشمیر میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب وہ پہلی شخصیت ہیں، جنہوں نے نکاح اور شادی کو عملی طور پر اپنی اصل حالت پر واپس لانے کے لئے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا ادارہ سرینگر شہر میں قائم کیا۔ پھر اسی ادارہ کے اصلاحی پروگرام کے تحت لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور نہایت ہی سادگی کے ساتھ خوشی خوشی انجام دیں، اور انجام دی جارہی ہیں۔ ہمسفر ادارے کا ایک اور عظیم الشان مفید کام وہ ریڈیو پروگرام ہے جو ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے، اس ریڈیو پروگرام نے تقریباً ہر کشمیری کو اپنا گرویدہ بنالیا ہے، کیوں کہ اس پروگرام میں نہ صرف شادی بیاہ کی بری رسومات اور ناجائز لین دین کے نقصانات سمجھا کر ان سے باز آنے کی تاکید کی جاتی ہے، بلکہ اس میں ازدواجی اور سسرالی زندگی کو پُرلطف اور پُرسکون بنانے کے لئے سبق آموز باتیں بیان کی جاتی ہیں، ہمارے بگڑے ہوئے سماج میں سدھار لانے کے لئے دانشمندانہ اور دلنشین گفتگو کی جاتی ہے۔ سماج کو اچھے اخلاق کی تعلیم دینے میں اور شادیوں سے بارات جیسی ظالمانہ رسم ختم کرنے میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کا رول بہت ہی قابل تحسین ہے، جزاہم اللہ تعالیٰ خیرا۔

جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اللہ تعالیٰ نے شاندار فہم، عقل سلیم، علم اور کئی صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ رب العالمین نے ان کو شیریں اور پُراثر زبان عطا فرمائی ہے، اُن کی باتوں سے لگتا ہے کہ وہ نیک اور متقی ہیں۔ ان کے ریڈیو پروگرام کو دل بار بار سننا چاہتا ہے۔ اسی لئے ہم ریڈیو کشمیر سرینگر کے ڈائریکٹر جناب بشیر عارف صاحب اور ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب سے پُرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اس مقبول عام ریڈیو پروگرام کو ہفتے میں دو بار نشر کرنے کے احکامات صادر کریں۔ ایک جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے اور پھر اسی ہفتے میں منگل وار کو رات کے ساڑھے نو بجے۔ امید ہے کہ ہمارا یہ مطالبہ رائیگاں نہیں ہوگا۔

( Kashmir Uzma
17/Dec/2012 )

منجانب: فاروق احمد بٹ ولد حاجی محمد خلیل بٹ ساکن: بوگنڈ کولگام کشمیر۔ فون نمبر: 9906643746

**SRINAGAR TIMES 17 DECEMBER 2012**

سرینگر ٹائمز

(17/Dec/2012)

# بتہ مالو کے فدا محمد وانی نے سادہ طریقہ پر شادی انجام دی

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی طرف سے ایک اور نکاح کا اہتمام کیا گیا

سرینگر/آسان نکاح اور سادہ شادی کے پروگرام کے تحت ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے ایک اور نکاح 13 دسمبر جمعرات 2012ء کو پڑھا گیا۔ اس سلسلے میں نکاح مجلس کا انعقاد اسلامک دعوت سینٹر باغ سندر بالا چھتہ بل میں سہ پہر پونے تین بجے ہوا۔ جس میں نیو کالونی بتہ مالو کے فدا محمد وانی (بی ایس سی، ایم اے اسلامیات، ایم فل جاری، ملازم کشمیر یونیورسٹی حضرت بل سرینگر) کا نکاح مگرمل باغ سرینگر کی محترمہ دُرافشان صاحبہ دختر عبدالرشید خان صاحب مرحوم کے ساتھ پڑھا گیا۔ خطبۂ نکاح اور ایجاب وقبول انجام دینے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے سنت کے مطابق نکاح اور سادہ طریقہ پر شادی انجام دینے کی اہمیت اور افادیت پر مختصر گفتگو فرمائی۔ نیز انہوں نے شریعت کے احکام کے احترام اور عظمت پر بھی کلام فرمایا۔ اور شریعت کے احکام کا مذاق اُڑانے اور ان کا استہزاء کرنے کے خطرناک نتائج سے بھی حاضرین مجلس کو آگاہ فرمایا۔ اس کے بعد ڈائریکٹر صاحب نے خطبۂ نکاح اور ایجاب وقبول انجام دیا۔ دولہا نے پورا مہر نقدی مجلس میں ہی ادا کردیا۔ ڈائریکٹر صاحب نے دونوں خاندانوں کو مبارک باد پیش کی۔ حاضرین مجلس میں کھجور اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ اور سب کی خاطر تواضع کشمیری قہوہ سے کی گئی۔ پھر اسی روز شام کو دولہن اپنے دولہا کے ساتھ سسرال رخصت ہوگئی۔ نکاح مجلس حاضر آئے کئی حضرات نے ادارہ کے ایک ذمہ دار ایشان احمد کو بتایا کہ شہر سرینگر کے پڑھے لکھے سرکاری ملازمین حضرات کو اس قسم کے مسنون نکاح اور سادہ شادیاں انجام دینے پر آمادہ کرنے میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل اور اسلامک دعوت سینٹر نے سب سے اہم، سب سے بڑا اور بہت ہی شاندار رول ادا کیا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ ادارہ کشمیریوں کے لئے بڑا محسن، محبوب، ہر دلعزیز اور مفید ادارہ بن گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس ادارہ کے ریڈیو پروگرام جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے سے سماج میں کافی حد تک اصلاح ہو رہی ہے۔ جس کی وجہ سے ہمسفر ریڈیو پروگرام گھر گھر کی آواز بن گیا ہے۔ حاضرین مجلس نے ادارہ کی انتظامیہ کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔

**AFTAB 17 DECEMBER 2012**

## سماج کو اچھے اخلاق کی تعلیم دینے میں اور بارات کی ظالمانہ رسم ختم کرنے میں

# ہمسفر ریڈیو پروگرام کا رول بہت ہی قابل تحسین

## اس ریڈیو پروگرام کے ہر نشر شدہ شمارے کو دِل بار بار سننا چاہتا ہے

ریاست جموں وکشمیر میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب وہ پہلی شخصیت ہیں، جنہوں نے نکاح اور شادی کو عملی طور پر اپنی اصل حالت پر واپس لانے کے لئے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا ادارہ سرینگر شہر میں قائم کیا۔ پھر اسی ادارہ کے اصلاحی پروگرام کے تحت لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور نہایت ہی سادگی کے ساتھ خوشی خوشی انجام دیں، اور انجام دی جارہی ہیں۔ ہمسفر ادارے کا ایک اور عظیم الشان مفید کام وہ ریڈیو پروگرام ہے جو ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے، اس ریڈیو پروگرام نے تقریباً ہر کشمیری کو اپنا گرویدہ بنالیا ہے، کیوں کہ اس پروگرام میں نہ صرف شادی بیاہ کی بری رسومات اور ناجائز لین دین کے نقصانات سمجھا کر ان سے باز آنے کی تاکید کی جاتی ہے، بلکہ اس میں ازدواجی اور سسرالی زندگی کو پُر لطف اور پُر سکون بنانے کے لئے سبق آموز باتیں بیان کی جاتی ہیں، ہمارے بگڑے ہوئے سماج میں سدھار لانے کے لئے دانشمندانہ اور دلنشین گفتگو کی جاتی ہے۔ سماج کو اچھے اخلاق کی تعلیم دینے میں اور شادیوں سے بارات جیسی ظالمانہ رسم ختم کرنے میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کا رول بہت ہی قابل تحسین ہے، جزاہم اللہ تعالیٰ خیرا۔

جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اللہ تعالیٰ نے شاندار فہم، عقل سلیم، علم اور کئی صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ رب العالمین نے ان کو شیریں اور پُر اثر زبان عطا فرمائی ہے، اُن کی باتوں سے لگتا ہے کہ وہ نیک اور متقی ہیں۔ ان کے ریڈیو پروگرام کو دل بار بار سننا چاہتا ہے۔ اسی لئے ہم ریڈیو کشمیر سرینگر کے ڈائریکٹر جناب بشیر عارف صاحب اور ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب سے پُر زور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اس مقبول عام ریڈیو پروگرام کو ہفتے میں دو بار نشر کرنے کے احکامات صادر کریں۔ ایک جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے اور پھر اسی ہفتے میں منگل وار کو رات کے ساڑھے نو بجے۔ امید ہے کہ ہمارا یہ مطالبہ رائیگاں نہیں ہوگا۔

منجانب: فاروق احمد بٹ ولد حاجی محمد خلیل بٹ، ساکن: بوگنڈ کولگام کشمیر۔ فون نمبر 9906643746

# AFTAB 17 DECEMBER 2012

Aftab (17/Dec/2012)

## بتہ مالو کے جناب فدا محمد وانی صاحب نے سادہ طریقہ پر شادی انجام دی

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی طرف سے ایک اور نکاح کا اِنعقاد

سرینگر: آسان نکاح اور سادہ شادی کے پروگرام کے تحت ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے ایک اور نکاح 13، دسمبر جمعرات 2012ء کو پڑھا گیا۔ اس سلسلے میں نکاح مجلس کا انعقاد اسلامک دعوت سینٹر باغ سندر بالا چھتہ بل میں سہ پہر پونے تین بجے ہوا۔ جس میں نیو کالونی بتہ مالو کے جناب فدا محمد وانی صاحب (بی ایس سی، ایم اے اسلامیات، ایم فل جاری، ملازم کشمیر یونیورسٹی حضرت بل سرینگر) کا نکاح مگرمل باغ سرینگر کی محترمہ دُر اَفشان صاحبہ دختر عبدالرشید خان صاحب مرحوم کے ساتھ پڑھا گیا۔ خطبۂ نکاح اور ایجاب وقبول انجام دینے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے سنت کے مطابق نکاح اور سادہ طریقہ پر شادی انجام دینے کی اہمیت اور افادیت پر مختصر گفتگو فرمائی۔ نیز انہوں نے شریعت کے احکام کے احترام اور عظمت پر بھی کلام فرمایا۔ اور شریعت کے احکام کا مذاق اُڑانے اور ان کا استہزاء کرنے کے خطرناک نتائج سے بھی حاضرین مجلس کو آگاہ فرمایا۔ اس کے بعد ڈائریکٹر صاحب نے خطبۂ نکاح اور ایجاب وقبول انجام دیا۔ دولہا نے پورا مہر نقدی مجلس میں ہی ادا کر دیا۔ ڈائریکٹر صاحب نے دونوں خاندانوں کو مبارک باد پیش کی۔ حاضرین مجلس میں کھجور اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ اور سب کی خاطر تواضع کشمیری قہوہ سے کی گئی۔ پھر اسی روز شام کو دولہن اپنے دولہا کے ساتھ سسرال رخصت ہوگئی۔

نکاح مجلس حاضر آئے کئی حضرات نے ادارہ کے ایک ذمہ دار جناب ایشان احمد صاحب کو بتایا کہ شہر سرینگر کے پڑھے لکھے سرکاری ملازمین حضرات کو اس قسم کے مسنون نکاح اور سادہ شادیاں انجام دینے پر آمادہ کرنے میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل اور اسلامک دعوت سینٹر نے سب سے اہم، سب سے بڑا اور بہت ہی شاندار رول ادا کیا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ ادارہ کشمیریوں کے لئے بڑا محسن، محبوب، ہر دلعزیز اور مفید ادارہ بن گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس ادارہ کے ریڈیو پروگرام جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے سے سماج میں کافی حد تک اصلاح ہو رہی ہے۔ جس کی وجہ سے ہمسفر ریڈیو پروگرام گھر گھر کی آواز بن گیا ہے۔ حاضرین مجلس نے ادارہ کی انتظامیہ کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)، ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

**GREATER KASHMIR 22 DECEMBER 2012**

# An Appeal to Director Radio Kashmir Srinagar

## ڈائریکٹر ریڈیو کشمیر سرینگر توجہ فرمائیں

ریڈیو کشمیر سرینگر کے ڈائریکٹر جناب بشیر عارف صاحب سے پرزور اپیل کی جاتی ہے، کہ مقبول عام ہفتہ وار ریڈیو پروگرام: ہمسفر Humsafar کو ہفتے میں دو بار نشر کیا جائے، کیوں کہ یہ پروگرام سماجی اصلاح کرنے، لوگوں کا اخلاقی معیار بلند کرنے اور شادیوں کی بری رسومات کا قلع قمع کرنے کی وجہ سے گھر گھر کی آواز بن گیا ہے۔ اس پروگرام کو سننے سے کشمیر کے جوانوں کی وہ ذہنیت تبدیل ہو رہی ہے جس میں وہ شادیوں پر لاکھوں روپے فضول خرچ کرنے کے شوقین تھے، مگر اب وہ اپنی شادیوں میں میانہ روی، اعتدال اور کفایت شعاری اپنانے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ یہ بہترین تبدیلی ہمسفر ریڈیو پروگرام کے نشر شدہ اصلاحی شماروں کا نتیجہ ہے۔ نیز میاں بیوی کی ازدواجی زندگی اور ساس بہو کی سسرالی زندگی کو پرسکون اور خوشگوار بنانے میں ہمسفر ریڈیو پروگرام شاندار رول ادا کر رہا ہے۔ اسی لئے ہمارے ایک سروے Survey کے مطابق جمعرات سے ہی لاکھوں سامعین کرام ہمسفر ریڈیو پروگرام سننے کے انتظار میں رہتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ جناب بشیر عارف صاحب ہماری اپیل کو قبول کر کے ہمسفر ریڈیو پروگرام کو ہفتے میں دو بار نشر کرنے کے احکامات صادر کریں گے۔

شکریہ

منجانب: محمد امین نجار (سوشل ورکر)

اسلام آباد (اننت ناگ) کشمیر

موبائل فون نمبر: 9906407924

Greater Kashmir (22/Dec/2012)

# SRINAGAR TIMES 24 DECEMBER 2012

## ڈائریکٹر ریڈیو کشمیر بشیر عارف سے اپیل

آپ کے سٹیشن ریڈیو کشمیر سرینگر سے سماج کی بہتری کیلئے، جہیز اور بری رسومات کا قلع قمع کرنے کیلئے اور لوگوں کو راحت پہنچانے کیلئے جو خاص پروگرام نشر ہوتا ہے۔ وہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کا اصلاحی پروگرام ہے، جو ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے۔ جس کے روح رواں محترم فیاض احمد زرو ہیں۔ اس پروگرام کے بہت سارے فائدے ہر خاص وعام کو حاصل ہو رہے ہیں۔ یہ پروگرام لوگوں کے اندر خاص کر نوجوانوں میں ایک تعمیری اور اصلاحی سوچ پیدا کر رہا ہے۔ ہر چھوٹا بڑا ہمسفر ریڈیو پروگرام کا عاشق بن گیا ہے۔ اور یہ مقبول عام پروگرام گھر گھر کی آواز بن گیا ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمسفر ریڈیو پروگرام کو ہفتہ میں اے بار کے بجائے دو بار نشر کیا جائے، ایک جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے، اور پھر دو تین دن کے بعد رات کے ساڑھے نو بجے۔ اس لئے ہم ریڈیو کشمیر کے ڈائریکٹر بشیر عارف صاحب سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ ہمسفر ریڈیو پروگرام کو ہفتہ میں دو بار نشر کرنے کا شیڈول ترتیب دیں۔ اور سماج کو سدھانے اور لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے میں ہمسفر کے اصلاح معاشرہ پروگرام میں تعاون کریں۔

Srinagar Times (24/Dec/2012)

منجانب: عمر مجید آہنگر، محمد ذیشان، عبدالمجید بٹ اور دیگر حضرات

صفاکدل سرینگر۔ فون نمبرات 9086109572, 9697789745

**AFTAB 24 DECEMBER 2012**

# ڈائریکٹر ریڈیو کشمیر سرینگر بشیر عارف صاحب سے ایک اپیل

آپ کے سٹیشن ریڈیو کشمیر سرینگر سے سماج کی بہتری کے لئے، جہیز اور بری رسومات کا قلع قمع کرنے کے لئے اور لوگوں کو راحت پہنچانے کے لئے جو بہت ہی مفید اور شاندار پروگرام نشر ہوتا ہے وہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کا اصلاحی پروگرام ہے، جو ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے۔ جس کے روح رواں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب ہیں۔ اس پروگرام کے بہت سارے فائدے ہر خاص و عام کو حاصل ہو رہے ہیں۔ یہ پروگرام لوگوں کے اندر خاص کر نوجوانوں میں ایک تعمیری اور اصلاحی سوچ پیدا کر رہا ہے۔ ہر چھوٹا بڑا ہمسفر ریڈیو پروگرام کا عاشق بن گیا ہے۔ اور یہ مقبول عام پروگرام گھر گھر کی آواز بن گیا ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمسفر ریڈیو پروگرام کو ہفتہ میں ایک بار کے بجائے دو بار نشر کیا جائے، ایک جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے، اور پھر دو تین دن کے بعد رات کے ساڑھے نو بجے۔ اس لئے ہم ریڈیو کشمیر کے ڈائریکٹر جناب بشیر عارف صاحب سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ ہمسفر ریڈیو پروگرام کو ہفتہ میں دو بار نشر کرنے کا شیڈول ترتیب دیں۔ اور سماج کو سدھارنے میں اور لوگوں کو زیادہ سے زیادہ نفع پہنچانے میں ہمسفر کے اصلاح معاشرہ کے پروگرام میں تعاون کریں۔

منجانب: عمر مجید اہنگر، محمد ذیشان، عبدالمجید بٹ اور دیگر حضرات

صفا کدل سرینگر۔ فون نمبرات: 9086109572, 9697789745

(Aftab
24/Dec/2012)

# شادیوں کی بری رسومات میں عملی طور پر اصلاح ہو رہی ہے

## ہمسفر ریڈیو پروگرام سماج کے لئے بہت مفید پروگرام ہے

21 دسمبر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے ہمسفر ریڈیو پروگرام کا جو تازہ شمارہ ریڈیو کشمیر سرینگر سے براڈ کاسٹ ہوا، جس میں سادہ طریقہ پر انجام دینے والی ایک جوڑی کا انٹرویو شامل تھا۔ اس کو سن کر شادیوں کی بُری رسومات کو ختم کرنے میں ہماری کافی حوصلہ افزائی ہوئی۔ ہمسفر ریڈیو پروگرام لوگوں کو عملی طور پر اچھے کام کرنے پر تیار کرتا ہے، اور بُرے کام انجام دینے سے عملی طور پر روکتا ہے۔ سماج کے لئے اتنا مفید ریڈیو پروگرام تیار کرنے پر اس پروگرام کے روح رواں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب، پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب اور ریڈیو کشمیر سرینگر کے ڈائریکٹر جناب بشیر عارف صاحب کو مبارک باد اور ان کا بہت بہت شکریہ ادا کرنا ہم اپنا اخلاقی فرض سمجھتے ہیں۔

**منجانب: ڈاکٹر توصیف احمد شاہ اور باقی دوست واحباب**

**سکمزصورہ سرینگر**

(Greater Kashmir
27/Dec/2012)

# GREATER KASHMIR 31 DECEMBER 2012

## سسرالی جھگڑوں کے مقدمے عدالتوں میں بہت ہیں

# شادی سے پہلے ازدواجی زندگی سے متعلق تعلیم وتربیت کی اہمیت

## ہمسفر ریڈیو پروگرام کی شاندار سماجی خدمات قابل تحسین

ریڈیو کشمیر سرینگر سے 28 ،دسمبر 2012 ءکو صبح کے 8:30 بجے پاپولر پروگرام: ہمسفر Humsafar کا جو تازہ شمارہ نشر ہوا، جس میں پروگرام کے روح رواں محترم فیاض احمد زرو صاحب نے فرمایا کہ شادی کے بندھن میں بندھنے سے پہلے ازدواجی زندگی سے متعلق اور سسرالی زندگی سے وابستہ احکام کی تعلیم وتربیت کی کتنی اہمیت ہے، وہ ہمارے فساد زدہ سماج کے لئے واقعی ایک بہت بڑی ضرورت ہے۔ یہاں کی عدالتوں میں سسرالی جھگڑوں کے مقدمات کی کثرت ہیں۔ نہ شوہر کو نکاح کے احکام کی خبر ہے، اور نہ بیوی کو۔ حالانکہ دونوں کالج اور یونیورسٹی سے ڈگری یافتہ ہوتے ہیں۔ پھر ایک چنگاری آگ کی شکل اختیار کر لیتی ہے، جیسا کہ مذکورہ ہمسفر ریڈیو پروگرام میں محترم فیاض احمد زرو صاحب نے موبائل ٹیلیفون والی ایک شاندار مثال بہت ہی سہل انداز میں سامعین کو سمجھادی۔

ہمسفر ریڈیو پروگرام اور اس کے سربراہ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب سماج کی بہتری کے لئے بہت ہی مفید اور بہت زیادہ قابل تحسین خدمات انجام دے رہے ہیں۔ نکاح اور شادی سے پہلے ہونے والے میاں بیوی کو اور ان دونوں سے وابستہ قریبی رشتہ داروں کو تعلیم دینا اور ان کی تربیت کرنا ایک ایسا عظیم اور مفید کام ہے، جس سے عدالتوں پر مقدمات کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا، پولیس تھانوں سے وابستہ تھانیداروں اور کانسٹیبلوں کو راحت ملے گی اور ہمارے معاشرے کی فضا بھی پرسکون بن جائے گی۔ مگر یہ کام انجام دینا آسان نہیں ہے، اس کام کے لئے محترم فیاض احمد زرو صاحب جیسے دردِ دل رکھنے والے، علم، فضیلت، اخلاص اور دانشمندی سے مالامال پُرعزم حضرات کی ضرورت ہے۔ آئیں ہم سب اپنی اپنی استعداد کے مطابق جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کے اس نوبل کاز Noble cause میں اپنا تعاون پیش کریں۔

003

**منجاب: ایڈوکیٹ بشیر احمد خان، نذیر احمد بٹ، غزالہ خان اور دیگر ہم پیشہ خواتین وحضرات بارہ مولہ کشمیر۔**

(Greater Kashmir
31/Dec/2012)